از دفتر مہتمم جنگلات میرپور فاریسٹ ڈویژن

شارٹ ٹینڈر نوٹس

محکمہ جنگلات آزاد کشمیر میں رجسٹرڈ ٹھیکیداران اے، بی اور سی کلاس جنہوں نے مالی سال 2022-2021 کے لیے تجدید رجسٹریشن کروائی ہو، سے ڈویژن ہذا کے زیر کنٹرول رینج ہاکے بذیل کمپارٹمنٹس سے مارک شدہ افتادہ درختان چیل کی نکاسی لکڑی بشکل گیلی وڈھلائی در سیل ڈپو کے لیے سنگل لفافہ کی بنیاد پر سربمہر ٹینڈر مطلوب ہیں جو کہ مورخ 2021-10-18۔ دفتری اوقات کار میں دفتر مہتمم جنگلات میرپور سے حاصل کیے جاسکتے ہیں اور مورخہ 2021-10-19 وقت 12:00 بجے دن دفتر ہذا میں ٹینڈر دھندگان / مقرر کردہ نمائیندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔

نمبر شمار	رینج	لاٹ نمبر	بلاک / کمپارٹمنٹ نمبر	مارک شدہ حجم افتادہ تعداد درختان	حجم (م ف)	متوقع برآمدگی	میعاد ٹھیکہ	نام ٹمبر سیل ڈپو
1	چڑھوئی	1	پلاہل / منصوح کمپارٹمنٹ نمبر 19، 23، 88	71	5364	3218م ف	3ماہ	کھمبال میرپور
2	ناڑ	2	درلیاہ / کمپارٹمنٹ نمبر 52، 51	98	12291	7374م ف	3ماہ	کھمبال میرپور
3	ناڑ	3	درلیاہ / کمپارٹمنٹ نمبر 53، 56، 57، 50	73	8329	4997م ف	3ماہ	کھمبال میرپور
4	ناڑ	4	ناڑ / گلپور کمپارٹمنٹ نمبر 48، 41، 36، 40، 97، 98، 100، 99	126	11362	6817م ف	3ماہ	کھمبال میرپور

شرائط

1. ٹینڈر باقاعدہ ٹینڈر فارم پر دیناہو گا۔ جو بالعوض فیس ٹینڈر کھلنے کی تاریخ سے ایک دن قبل اجرا کیے جائیں گے
2. ٹینڈر میں نرخ تیار گیلی از افتادہ درختان الگ الگ مطابق ٹینڈر فارم دیناہو گا۔ جس میں تمام اخراجات معہ لوڈنگ ان لوڈنگ وغیرہ شامل کرناہوں گے۔
3. ٹینڈر کے ہمراہ ٹھیکہ کی مالیت کی بنیاد پر کسی بھی شیڈول بینک کی کال ڈیپازٹ 2% (فیصد) بطور زربیعانہ کھول بحق مہتمم جنگلات میرپور شامل کرناہو گی۔ کال ڈیپازٹ شیڈول بینک اور اس میں ٹینڈر دہندہ کا نام ہوناضروری ہے۔ زربیعانہ کے بغیر یا کمی کی صورت میں ٹینڈر قابل قبول نہ ہو گا۔
4. زیر دستخطی کو AJK PPRA رولز 2017 کی شق نمبر 33 کے تحت منظوری سے قبل ٹینڈر مسترد کرنے کا اختیار ہو گا۔
5. دوران کام رگڑان، رولنگ پاتھ ہا، ٹرانزٹ ڈپو سے اگر کسی شخص کی ملکیتی زمین متاثر ہوئی تو اس کا معاوضہ بذمہ ٹھیکیدار ہو گا۔ علاوہ ازیں ٹرانزٹ ڈپو کا کرایہ بھی بذمہ ٹھیکیدار ہو گا۔
6. دوران کام کسی انسانی غفلت سے کوئی حادثہ پیش آیا تو محکمہ پر اس کی ذمہ داری نہ ہو گی۔
7. تیار کردہ لکڑی کی ترسیل از جنگل تا سیل ڈپوز کے دوران لکڑی کی حفاظت کی ذمہ داری ٹھیکیدار کی ہو گی۔ اگر کسی بھی وجہ سے کوئی لکڑی ضائع ہوئی تو اس کی ذمہ داری ٹھیکیدار پر عائد ہو گی اور تحت اقرار نامہ کارروائی کی جائے گی۔
8. ٹھیکیدار مطابق برآمدگی 100 فیصد لکڑی متعلقہ سیل ڈپو میں پہچانے کا پابند ہو گا اور ڈپوز میں وصول شدہ لکڑی کی تصدیق متعلقہ رینج سے حاصل کرنے کے بعد 90 فیصد کارکردگی کی ادائیگی کی جائے گی اور بقیہ کارکردگی 10 فیصد ٹھیکہ کا کام ختم ہونے پر ادا کی جائے گی۔
9. ٹھیکیدار جملہ مارک شدہ درختان اور تیار شدہ گیلی سے لکڑی نکاسی کر کے سیل ڈپو میں پہچانے کا پابند ہو گا۔ ٹھیکہ سے متعلق لکڑی بقایا در جنگل رہ جانے اور ضائع ہونے کی صورت میں تحت اقرار نامہ ٹھیکیدار سے نقصان شدہ لکڑی کی قیمت وصول کی جائے گی۔
10. محکمہ کی جانب سے وقتاً فوقتاً مفاد سرکار میں دی گی ہدایات کی ٹھیکیدار کو پابندی کرناہو گی اس کے علاوہ ٹینڈر نوٹس و اقرار نامہ کی شرائط کا ٹھیکیدار پابند ہو گا۔
11. مشروط یا مشکوک ٹینڈر قابل قبول نہ ہو گا۔ ٹینڈر ریٹ میں کانٹ چھانٹ والا ٹینڈر مسترد کیا جائے گا۔

12 لکڑی کی نکاسی وڈھلائی کی خاطر لیبر کی رہائش، ٹرک مہیا کرنے اور دیگر ضروری انتظامات کی ذمہ داری ٹھیکیدار کی ہو گی۔ محکمہ اسکا معاوضہ ادا کرنے کا پابند نہ ہو گا۔

13 دوران نکاسی وڈھلائی لکڑی اگر کوئی جانی نقصان ہوا تو اس کی ذمہ داری ٹھیکیدار کی ہو گی۔ محکمہ اس کا معاوضہ ادا کرنے کا پابند نہ ہو گا۔

14 خواہشمند حضرات کو یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ ٹینڈر دینے سے قبل جنگلوں کا ملاحظہ کر کے اور میعاد ٹھیکہ کو مد نظر رکھتے ہوئے ریٹ دیں۔ بعد ازاں کسی بھی طرح کے ابہام کے لیے محکمہ ذمہ دار نہ ہو گا۔

15 ٹھیکیدار جنگل میں بالائی حصہ سے کام شروع کرنے کا پابند ہو گا۔

16 ایگریمنٹ میں مندرج شرائط قواعد وضوابط حسب موقع لاگو ہوں گے۔

17 قیمت ٹینڈر فارم ہا/Bidding Document مبلغ 2500روپے ہمراہ ئی کیو ئی، کے ایل سی100 روپے کے علاوہ پرنٹنگ چارجز مبلغ 500روپے بھی ٹھیکیدار دینے کا پابند ہو گا۔

18 یہ اشتہار AJK PPRA کی ویب سائیٹ پر شائع شدہ ہے۔

(راجہ جہانزیب خضر)
مہتمم جنگلات
فاریسٹ ڈویژن میرپور
/9/2021